Please check the examination details below before entering your candidate information

| Candidate surname | Other names |
|---|---|
| | |

**Pearson Edexcel**
**Level 1/Level 2 GCSE (9–1)**

Centre Number | Candidate Number

# Wednesday 13 May 2020

Afternoon (Time: 1 hour 5 minutes) | Paper Reference **1UR0/3H**

# Urdu

## Paper 3: Reading and understanding in Urdu

**Higher Tier**

**You do not need any other materials.**

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions in Sections A, B and C.
- Questions in Sections A and C are set in English.
- Questions in Section B are set in Urdu.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The total mark for this paper is 50.
- The marks for **each** question are shown in brackets
  – *use this as a guide as to how much time to spend on each question*
  – *you should spend approximately 15 minutes on the translation question.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶


©2020 Pearson Education Ltd.


Pearson

**Answer ALL questions. Write your answers in the spaces provided.**

**Some questions must be answered with a cross in a box ☒. If you change your mind about an answer, put a line through the box ☒ and then mark your new answer with a cross ☒.**

## SECTION A

### Using the internet

**1** Read this article about Imran and his use of the internet.

عمران کالج میں پڑھتا ہے اور اپنا کام وہیں ختم کر کے گھر آتا ہے۔ وہ اکثر رات دیر تک انٹرنیٹ پر وقت گزارتا ہے۔ یہ اس کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔

عمران اردو میں بلاگ لکھتا ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ آن لائن انگریزی زبان بھی سیکھتا ہے۔ وہ امریکہ میں اپنے بچپن کے دوستوں کو خط لکھتا ہے۔

عمران کی بہن انٹرنیٹ کا زیادہ استعمال نہیں کرتی، لیکن اس کے خیال میں کتابوں کی آن لائن خریداری کے لیے انٹرنیٹ بہت اچھا ہے۔

Answer the following questions **in English**.

(a) When does Imran use his computer?

**(1)**

..................................................................................................................................................

(b) Which language does Imran learn online?

**(1)**

..................................................................................................................................................

(c) What does Imran's sister like to buy on the internet?

**(1)**

..................................................................................................................................................

**(Total for Question 1 = 3 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

## شفیق الرحمان کی کتاب 'لہریں' سے اقتباس

**2** Read the extract below from Shafiq ur Rehman's book 'Lehrain'.

امتحان میں صرف ایک ہفتہ رہ گیا تھا اور ہماری حالت عجیب تھی۔ غصہ بھی آتا تھا، افسوس بھی اور اپنے اوپر ہنسی بھی آ تی تھی۔ اگلے ہفتے کرکٹ کے میچ شروع ہونے جا رہے تھے۔ کالج والے ہمارے ساتھ اچھا نہیں کر رہے تھے۔ طالب علموں کے کافی شور کرنے کے باوجود پرنسپل صاحب نہ مانے۔ بہت سوچنے کے بعد ہم نے ایک فیصلہ کیا۔ سیدھا بازار پہنچے اور دکان دار سے کہا کہ کوئی بہت چھوٹا سا ریڈیو دکھاؤ! دکان دار نے ہماری ضرورت کو دیکھتے ہوئے ایک قلم کی شکل کا مہنگا ریڈیو دکھایا جسے ہم سب نے مل کر فوراً خرید لیا۔

Answer the following questions **in English**. You do not need to write in full sentences.

(a) How much time was left to prepare for the exam?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(b) Which particular sport were they fond of?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(c) What was the response from the principal?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(d) What did they spend their money on?

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

# پاکستان کی سیاحت

**3** Read the blog.

**ارم:** میں چھٹیوں میں لاہور گئی اور وہاں کے مشہور کھانے کھائے۔ لاہور خریداری کا بہت بڑا مرکز ہے اور یہاں آپ کو نئے فیشن کے کپڑے اچھی قیمت پر مل سکتے ہیں۔

**آصف:** مجھے اس بار ٹیکسلا کے مشہور تاریخی عجائب گھر جانے کا موقع ملا۔ یہ راولپنڈی کے نزدیک ہے لیکن مجھے افسوس ہے کہ میں اس یادگار جگہ کی تصویریں نہ لے سکا کیونکہ وہاں تصویر لینے کی اجازت نہیں تھی۔

**رانی:** سخت گرم موسم سے بچنے کے لیے میں نے وادی سوات کا رخ کیا۔ یہاں تک جانے کا راستہ بہت خطرناک ہے لیکن وہاں پہنچ کر آپ سفر کی تھکان بھول جائیں گے۔

Answer the questions **in English**. You do not need to write in full sentences.

(a) Who enjoyed famous food during the holidays?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(b) Who managed to escape the hot weather?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(c) Where could you buy the latest fashion clothes at a good price?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(d) What did Rani say about the route to Swat Valley?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(e) Why couldn't Asif take pictures of his memorable moments?

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 3 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

**BLANK PAGE**
**QUESTION 4 BEGINS ON THE NEXT PAGE**

## عید گاہ۔ منشی پریم چند

**4** Read the extract below which is taken from Munshi Prem Chund's story 'Eid-gah'.

میلے میں حامد کو یہ کھلونے پسند نہیں آئے کیونکہ وہ مٹی کے بنے تھےاور آسانی سے ٹوٹ جاتے۔ پھر بھی وہ ہر چیز میں دلچسپی لے رہا تھا۔ اس کی جیب میں صرف دو روپے تھے اور وہ کسی کم قیمت چیز کی تلاش میں تھا۔ یہ میلے کی سب سے خوبصورت دکان تھی۔ دکان میں ہر طرح کی چیزیں، گیند، سیٹیاں، باجے، مٹی اور ربڑ کے کھلونے تھے۔ حامد کے دوست محسن نے ایک باجا لیا اور عابدنے ربڑ کی گیند لی۔ حامد کھڑا سوچ رہا تھا کہ محسن باجا بجائے گا اور عابد گیند سے کھیلے گا، لیکن وہ ابھی تک کچھ بھی نہ لے سکا تھا۔ حامد با ر بار اپنی جیب میں پڑے دو روپے کے سکے گنتا اور چیزوں کی قیمت دیکھ کر واپس رکھ دیتا۔

Put a cross ☒ in the correct box.

**Example:** Hamid was at…

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** work. |
| ☐ | **B** the supermarket. |
| ☒ | **C** the fun fair. |
| ☐ | **D** school. |

(i) Hamid did not like the toys that were made of…

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** fabric. |
| ☐ | **B** clay. |
| ☐ | **C** plastic. |
| ☐ | **D** glass. |

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

(ii) How much money did Hamid have in his pocket?

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** 2 rupees. |
| ☒ | **B** 3 rupees. |
| ☒ | **C** 4 rupees. |
| ☒ | **D** 5 rupees. |

(iii) The shop was very…

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** old. |
| ☒ | **B** dirty. |
| ☒ | **C** small. |
| ☒ | **D** beautiful. |

(iv) Hamid's friend Abid bought a…

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** clay toy. |
| ☒ | **B** small piano. |
| ☒ | **C** rubber ball. |
| ☒ | **D** whistle. |

(v) Hamid was not happy with the items'…

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** price. |
| ☒ | **B** size. |
| ☒ | **C** colour. |
| ☒ | **D** brand. |

**(Total for Question 4 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

## My interests

**5** Read what these students say about their interests.

شاہد : میں کبھی بھی فارغ نہیں بیٹھتا۔ میں کمپیوٹر اور اس میں ہونے والی نئی نئی تبدیلیوں کے بارے میں بہت سی معلومات رکھتا ہوں۔ پچھلے سال میں نے چھٹیوں میں اپنے چچا کے دفتر میں کام بھی کیا تھا۔

سارہ : مجھے ہر قسم کے برتن جمع کرنے کا بہت شوق ہے۔ مجھے کھانا پکانے کا وقت تو کم ہی ملتا ہے لیکن سب گھر والوں کو میرے ہاتھ کی تلی ہوئی مچھلی بہت پسند ہے۔ میں مستقبل میں باورچی بننا چاہتی ہوں۔

وقاص : مجھے مختلف ممالک کی زبانیں سیکھنے کا بہت شوق ہے، لیکن میں کبھی بھی کسی دوسرے ملک نہیں گیا۔ میری خواہش ہے کہ میں مستقبل میں پائلٹ بنوں اور دنیا کی سیر کروں۔

ناصرہ : میں اسکول کے ڈراموں میں اسٹیج پر اداکاری تو نہیں کرسکتی، لیکن میں دوسرے طالب علموں کا میک اپ اور کردار کے مطابق ان کے کپڑے بنانے میں ہمیشہ ان کی مدد کرتی ہوں۔

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 6 2 4 7 4 A 0 8 2 0

Who says what about their interests?

Enter either **Shahid**, **Sara**, **Waqas** or **Nasira** in the gaps below. Some names may be used twice or not at all.

**Example**: ______ Shahid ______ never sits idle.

(a) ______________________ likes learning different languages. **(1)**

(b) ______________________ does not take part in acting. **(1)**

(c) ______________________ wants to become a chef. **(1)**

(d) ______________________ knows a lot about computers. **(1)**

Answer the following questions **in English**.

(e) How does Waqas plan to fulfil his dream of travelling the world?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(f) How does Nasira help her fellow students?

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 5 = 6 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**A student exchange**

**6** Read the following article.

پاکستان اور انڈیا کے بعد سب سے زیادہ اردو بولنے والے لوگ برطانیہ میں رہتے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اِن ملکوں سے لوگوں کی ایک بڑی تعداد برطانیہ میں آ کر آباد ہوئی۔ اب یہاں ان کی تقریباً چوتھی نسل آباد ہے۔ وطن سے دور رہنے کے باوجود ایشیائی لوگوں کا برطانیہ میں اپنی زبان سے جڑے رہنا ایک دلچسپ بات ہے۔

برطانیہ میں اردو زبان کی مقبولیت کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ یہاں بچوں کو اسکول میں بھی اردو سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ جبکہ یورپ کے دوسرے ممالک میں ایسا نہیں ہے اور وہاں اردو صرف گھروں میں ہی بولی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ برطانیہ کے اسکولوں میں اردو پڑھانے کے لیے قابل اساتذہ بھی موجود ہیں۔ سال میں ایک مرتبہ اردو کی کانفرنس بھی ہوتی ہے جس میں پورے ملک سے اساتذہ شریک ہوتے ہیں۔

انگریزی جاننے کے باوجود والدین اکثر گھر میں اردو بولنے کو ہی ترجیح دیتے ہیں۔ جہاں گھروں میں والدین اور اسکولوں میں اساتذہ اردو سکھا رہے ہیں، وہاں یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ برطانوی تعلیمی نظام نے اردو کو عام کرنے میں بہت مدد کی ہے۔



P 6 2 4 7 4 A 0 1 0 2 0

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

(i) What does this article tell us?

Put a cross ☒ next to the **three** correct sentences.

**(3)**

| | | |
|---|---|---|
| **Example** | This is the fourth Asian generation living in the UK. | ☒ |
| **A** | Parents encourage children to speak English at home. | ☒ |
| **B** | The third largest Urdu speaking community lives in Britain. | ☒ |
| **C** | Parents can't speak English. | ☒ |
| **D** | Urdu is only taught at home in Britain. | ☒ |
| **E** | Parents encourage children to speak Urdu at home. | ☒ |
| **F** | There are no qualified Urdu teachers in schools in Britain. | ☒ |
| **G** | The British education system supports the teaching of Urdu in Britain. | ☒ |

Answer the following questions **in English**. You do not need to write in full sentences.

(ii) How are schools in Britain different from schools in other European countries?

**(1)**

........................................................................................................................................

(iii) Who attends the Urdu conference in Britain?

**(1)**

........................................................................................................................................

**(Total for Question 6 = 5 marks)**

**TOTAL FOR SECTION A = 28 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

**SECTION B**

## لوگوں کی خدمت

**7** مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیے۔

میرا نام علی ہے۔ میری والدہ کا تعلق پاکستان سے ہے اس لئے ہم اکثر چھٹیوں میں کشمیر جاتے ہیں جہاں میرے نانا رہتے ہیں۔ میرے نانا ایک ڈاکٹر ہیں اورپہلے وہ بھی ہمارے ساتھ لندن میں رہتے تھے۔ لیکن کئی سال پہلے وہ لندن چھوڑ کر کشمیر میں اپنے پرانے گاؤں واپس جا کر رہنے لگے۔ میرے ناناکے گاؤں میں نہ کوئی ہسپتال اور نہ ہی بچوں کے لیے کوئی اسکول تھا۔ اب میرے نانا وہاں غریب لوگوں کا مفت علاج کرتے ہیں اور بچوں کو پڑھاتے بھی ہیں۔ گاؤں کے لوگ انہیں مزے دار کھانے کھلاتے ہیں اور انہیں دعائیں بھی دیتے ہیں۔

درست جواب پر ☒ کا نشان لگائیے۔

**مثال:** علی کی والدہ کا تعلق کس ملک سے ہے؟

| | |
|---|---|
| **A** پاکستان | ☒ |
| **B** ایران | ☐ |
| **C** ترکی | ☐ |
| **D** افغانستان | ☐ |

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 6 2 4 7 4 A 0 1 2 2 0

(i) علی چھٹیوں میں اپنے خاندان کے ساتھ کہاں جاتا ہے؟ **(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** لاہور |
| ☒ | **B** کراچی |
| ☒ | **C** کشمیر |
| ☒ | **D** اسلام آباد |

(ii) علی کے نانا ایک -------- **(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** وکیل ہیں |
| ☒ | **B** ڈاکٹر ہیں |
| ☒ | **C** باورچی ہیں |
| ☒ | **D** فوجی ہیں |

(iii) علی کے نانا لندن چھوڑ کر کشمیر کیوں آئے؟ **(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** پیسے کمانے کے لیے |
| ☒ | **B** آرام کرنے کے لیے |
| ☒ | **C** خریداری کرنے کے لیے |
| ☒ | **D** خدمت کرنے کے لیے |

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

(iv) علی کے نانا گاؤں کے بچوں کو مفت ________ **(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** چیزیں دیتے ہیں |
| ☒ | **B** تعلیم دیتے ہیں |
| ☒ | **C** کھانا دیتے ہیں |
| ☒ | **D** کپڑے دیتے ہیں |

(v) گاؤں کے لوگ نانا کے لیے کیا لاتے ہیں؟ **(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** کھانے |
| ☒ | **B** کپڑے |
| ☒ | **C** دوائیاں |
| ☒ | **D** کتابیں |

**(Total for Question 7 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 6 2 4 7 4 A 0 1 4 2 0

DO NOT WRITE IN THIS AREA

## روزانہ کا معمول

**8** ایک ویب سائٹ پر حسن کا روزانہ کا معمول پڑھیں۔

| | |
|---|---|
| **منگل:** | میں صبح سویرے اٹھتا ہوں اور اپنے دوستوں کے ساتھ باغ کی سیر کے لیے جاتا ہوں۔ واپسی پر صبح کے ناشتے کا سامان لاتا ہوں۔ |
| **جمعرات:** | اسکول سے واپس آ کر چھوٹے بھائی کے ساتھ فٹ بال کھیلتا ہوں۔ اور پھر شام سات بجے کے بعد ابو کے ساتھ مسجد جاتا ہوں۔ |
| **جمعہ:** | ہمارا اسکول جلدی ختم ہوتا ہے اور بارہ بجے چھٹی ہو جاتی ہے۔ ہم سب دوست مل کر کسی اچھے ریسٹورنٹ میں کھانا کھاتے ہیں۔ |
| **اتوار:** | سب سے پہلے اپنا اسکول کا ہوم ورک کرتا ہوں۔ اس کے بعد کافی دیر تک اپنے پالتو طوطے کے ساتھ کھیلتا اور باتیں کرتا ہوں۔ |

حسن کس دن کیا کرتا ہے؟ منگل، جمعرات، جمعہ اور اتوار میں سے صحیح دن کا نام خالی جگہ پر لکھیں۔
آپ ایک دن کا نام ایک سے زیادہ مرتبہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

**مثال:** ابو کے ساتھ مسجد جاتا ہے ___جمعرات___۔

(a) ریسٹورنٹ میں کھانا کھاتا ہے ________۔ **(1)**

(b) بازار سے ناشتہ لے کر آتا ہے ________۔ **(1)**

(c) اسکول کا ہوم ورک کرتا ہے ________۔ **(1)**

(d) بھائی کے ساتھ فٹ بال کھیلتا ہے ________۔ **(1)**

(e) صبح باغ کی سیر کرتا ہے ________۔ **(1)**

**(Total for Question 8 = 5 marks)**

## میرا ذاتی کاروبار

**9** مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے۔

میں وسیم ہوں اور میں بچپن سے حجام بننا چاہتا تھا۔ شروع میں میرے والدین اس پیشے کے مخالف تھے۔ ان کا خیال تھا کہ میں سائنس کے مضامین پڑھوں اور بڑا ہو کر ڈاکٹر بنوں مگر میرا حال تو یہ تھا کہ خون کا ایک قطرہ یا چھوٹا سا زخم دیکھ کر میں ڈر جاتا تھا۔ مجھے تو بس فیشن کا شوق تھا اور بالوں کے نئے نئے سٹائل بنانا میرا پسندیدہ مشغلہ تھا۔ اسکول کے بعد میں نے کالج میں ہیئر ڈریسنگ کے کورس میں داخلہ لے لیا۔ میرے والدین میرے اس فیصلے سے زیادہ خوش تو نہ تھے لیکن انہیں میری بات ماننا ہی پڑی۔

کالج کے بعد میں نے اپنا کاروبار شروع کیا۔ میرے پاس زیادہ پیسے نہیں تھے اس لیے ایک چھوٹی سی دکان لے کر کام شروع کر دیا۔ کم قیمت اور بہترین سروس کی وجہ سے بہت جلد کام چل نکلا۔ ایک دن میرے والد میری دکان پر آئے تو میری محنت اور کامیابی دیکھ کرانہوں نے میری مالی مدد کرنے کا فیصلہ کیا۔ اب شہر کے مرکز میں میری ایک بڑی دکان ہے اور دس ملازم میرے لیے کام کرتے ہیں۔

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA



P62474A01620

نیچے دیے گئے سوالوں کا جواب اردو میں لکھیے۔ مکمل جملے لکھنا ضروری نہیں۔

(a) وسیم کو بچپن سے کس پیشے کا شوق تھا؟ **(1)**

..................................................................................................................................................

(b) وسیم کے کاروبار میں اتنی جلدی کامیابی کی کون سی دو وجوہات تھیں؟ **(2)**

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

(c) وسیم کے والد نے اس کی مالی مدد کرنے کا فیصلہ کیوں کیا؟ **(1)**

..................................................................................................................................................

(d) وسیم کے پاس کتنے ملازم کام کرتے ہیں؟ **(1)**

..................................................................................................................................................

**(Total for Question 9 = 5 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B = 15 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

## SECTION C

## Translation

**10** Translate this passage **into English**.

**(7)**

میں برطانیہ کے شہر بولٹن میں رہتا ہوں۔ میں بارہ سال کی عمر تک پنجاب کے ایک گاؤں میں رہا۔ ہمارے گاؤں میں چند سال پہلے تک بجلی نہیں تھی اور لوگ شام ہوتے ہی سو جاتے تھے۔ گاؤں کی آبادی بہت کم تھی اور سب لوگ ایک دوسرے کو جانتے تھے۔

**(Total for Question 10 = 7 marks)**

**TOTAL FOR SECTION C = 7 MARKS**
**TOTAL FOR PAPER = 50 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA

BLANK PAGE

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

BLANK PAGE

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA